بغوی

https://ur.wikipedia.org/s/8yr7

ابو محمد حسین بن مسعود بغوی (433ھ/436ھ-516ھ/1122ء) مشہور شافعی، ایرانی مسلمان مفسر، محدث تھے جو اپنی تفسیر بغوی کے باعث جانے جاتے ہیں۔

بغوی

(عربی میں: البغوي)



معلومات شخصیت	
پیدائش	سنہ 1041ء
وفات	سنہ 1122ء (80–81 سال)[1] مرو الرود
مذہب	اسلام
فرقہ	اہل سنت
فقہی مسلک	شافعی
عملی زندگی	
استاذ	الفورانی ، قاضی حسین بن محمد
پیشہ	محدث ، مفسر قرآن
پیشہ ورانہ زبان	عربی
شعبۂ عمل	علم حدیث ، تفسیر قرآن
کارہائے نمایاں	تفسیر بغوی ، مصابیح السنہ

درستی (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%A8%D8%BA%D9%88%DB%8C&action=edit&section=0) - ترمیم (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%A8%D8%BA%D9%88%DB%8C&veaction=edit)

نام

ابو محمد الحسین بن مسعود بن محمد المعروف بالفرا البغوی الفقیہ شافعی المحدث المفسر

ولادت

ابو الفراء کی پیدائش 433ھ یا 436ھ میں ایران کے شہر باغ یا باغشر میں ہوئی جو ہرات اور مارورید کے درمیان میں واقع ہے۔

لقب کی وجہ تسمیہ

امام بغوی کا لقب (الفارا) ان کی کھالوں کی تجارت کی وجہ سے مشہور ہے۔ جبکہ جائے پیدائش باعث بغوی کے لقب سے مشہور ہے۔

علمی شہرت

آپ حدیث کے شعبہ میں اپنی تصانیف مثلاً شرح السنۃ اور مصابیح السنۃ کے باعث مشہور ہیں۔ مصابیح السنۃ تبریزی (وفات:741ھ) کی جانب سے کیے گئے اضافہ کے ساتھ مشکٰوۃ المصباح کے نام سے مشہور ہے۔ آپ علوم کے سمندر تھے۔ آپ نے قاضی حسین بن محمد مارورِیدی سے فقہ سیکھی اور کلام الہیٰ کی تفسیر کی اور حضرت نبی کریم ﷺ کے اقوال کی مشکلات کو واضح کیا اور حدیث کو روایت کیا اور پڑھایا۔ آپ طہارت کی صورت میں درس دیتے تھے۔

تصانیف

آپ نے بہت سی کتابیں تصنیف کیں۔

- معالم التنزیل (مشہور تفسیر بغوی کے نام سے ہے۔ یہ کتاب قرآن مجید کی تفسیر ہے)۔

- کتاب التہذیب امام شافعی (یہ کتاب فقہ کے بارے میں ہے)۔
- شرح السنۃ (یہ کتاب حدیث کے بارے میں ہے)۔
- کتاب المصابیح جو مصابیح السنۃ سے معروف ہے
- الانوار فی شمائل النبی المختار
- جمع بین الصحیحین
- اربعین حدیث
- مجموعہ من فتاویٰ

وفات

آپ نے شوال 510ھ میں وفات پائی اور اپنے شیخ قاضی حسین کے پاس طالقانی کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ آپ کی قبر وہاں مشہور ہے۔ ایک روایت میں آپ کی وفات 516ھ بھی بتائی گئی ہے۔ جو شیخ ذکی الدین عبد العظیم المنذری کی تصنیف کتاب الفوائد الشغیریہ میں ہے۔[2]

حوالہ جات

1. عنوان : Gemeinsame Normdatei — جی این ڈی آئی ڈی: https://d-nb.info/gnd/118870130 — اخذ شدہ بتاریخ: 17 اکتوبر 2015 — اجازت نامہ: CC0
2. تاریخ ابن خلکان المعروف وفیات الاعیان و ابناء الزمان جلد2 صفحہ 131 نفیس اکیڈیمی اردو بازار کراچی